مٹی کے دیئے

شتاق احمد شتاق

سید یعقوب دلکش

علام بھی ساحمہ

CC-0. Jammu & Kashmir Academy of Art, Culture & Languages Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مٹی کے دیئے

کترِ وی ژآنگی

○ مشتاق احمد مشتاق
○ سید یعقوب دلکش
○ غلام نبی شاہد

اُردو اور کشمیری
افسانوں کا سنگم

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

جملہ حقوق بحق مصنفین محفوظ ہیں۔

بار اول ——— تعداد ——— ۵۰۰

سال ——— ۱۹۷۶ء

سرورق ——— سجاد سیلانی

کتابت ——— محمد سلیم

طباعت ——— بروکا زپریس

مصنفین ——— مشتاق احمد مشتاق۔ سید یعقوب دلکش۔ غلام نبی شاہد

ان تمام خاکوں کے تمام کردار اور کرداروں کے نام ذہنی ہیں
اس سے کوئی مطابقت محض اتفاقیہ ہو سکتی ہے جسکے لئے مصنفین پر کسی قسم کی
کوئی ذمہ داری عاید نہیں ہو سکتی۔

قیمت =/5 روپے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مجھے روکے گا تو اے ناخدا کیا غرق ہونے سے
کہ جن کو ڈوبنا ہو ڈوب جاتے ہیں سفینوں میں

(اقبالؒ)

انتساب

اُن حساس چوٹوں کے نام جنھوں نے ہمیں قلم
اٹھانے پر مجبور کیا۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

عجوبہ

"مٹی کے دئے" نئی نسل کے تین اُبھرتے ہوئے ادیبوں کی مشترکہ کاوشوں کا ثمر ہے۔ جہاں تک میرے مشاہدے کا تعلق ہے میں دُنیائے ادب میں ایسا منفرد کون عجوبہ پہلی بار دیکھ رہا ہوں۔ میرے نظریئے کے مطابق افسانوں کا یہ حسین مجموعہ چونکا دینے والا عجوبہ اِسلئے کہلایا کہ یہ بیک وقت دو زبانوں کی نمایندگی کرتا ہے۔ اِس میں اُردو کہانیاں بھی ہیں اور کشمیری زبان میں لکھے گئے افسانے بھی دو زبانوں کا یہ سنگم ہر لحاظ سے ایک نئی ایجاد ہے اور اِس ایجاد کے موجد تین ایسے نوخیز قلم کار ہیں جو گلستانِ ادب کی ایک ہی کیاری کے پھول ہوتے ہوئے بھی الگ تھلگ تصور اور طرزِ تحریر کے مالک ہیں۔ جہاں مُشتاق کے ہاں چھوٹے موضوع اور اسلوب کی صحیح جانکاری نمایاں ہے وہاں شاہد کی دل آویز طرزِ تحریر اور بیان میں بہتے پانی کی روانی بھی صاف عیاں ہے۔ دونوں قلم کار اگرچہ کہانی کے روایتی رنگ پر اکتفا کئے ہوئے ہیں۔ تاہم

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ان کی ہر کہانی وقت اور سوسائٹی پر لگے ہوئے بدنما دھبوں کی بے باکی کے ساتھ نشاندہی کرتی ہے۔ مشتاق نے "مٹی کا دیا" تخلیق کرکے جہاں اوباش مردوں پر طنز کی کاری ضرب لگادی ہے وہاں ستم رسیدہ راضیہ جیسی معصوم لڑکیوں پر مشتاق نے آنسو بہائے ہیں۔ بوند بوند پیاسی میں شاہد نے خود بھی جذبات کی رو میں بہہ کر جذبات نگاری اور حقیقت پسندی کا مظاہرہ کیا ہے۔ خط پر مبنی اس کہانی میں شاہد کا اچھوتا فن واضح طور پر نکھر آیا ہے۔ الغرض مشتاق اور شاہد کی ہر کہانی میں روایتی رنگ کی حسین چاشنی اتم موجود ہے لیکن ان کے برعکس دلکش کی کشمیری زبان میں لکھی گئی دلکش کہانیاں جدیدیت کے سانچے میں اسطرح ڈھل گئیں ہیں کہ قاری اپنے ذہن کو جھنجھوڑنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ دلکش نے جدید افسانے کا اسلوب اچھی طرح سمجھ لیا ہے۔ اسی لئے اس کی ہر کہانی غور طلب ہے۔ مخصوص علامتوں کا سہارا لیکر اپنے داخلی احساسات کا اظہار کرنا آجکل بیماری فن کہلاتا ہے اور دلکش اس فن سے بخوبی واقف نظر آتا ہے۔ "گل قند" میں دلکش کا جدید رنگ عروج پر ہے۔ لیکن ابہام کے بھاری پتھر کے تلے دبا ہوا فن پارہ کبھی کبھار دب کر ہی رہ جاتا ہے۔ لہذا کہانی کار کو قاری کی ذہنی سکت کا لحاظ سامنے رکھتے ہوئے مناسب ابہام کا استفادہ اٹھانا چاہیئے۔ تاہم دلکش کی کہانیاں مبہم سہی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

پھر بھی وقت کا تقاضہ پورا کرنے میں پیش پیش ہیں۔

بہر کیف جسکے سینے میں دھڑکتا ہوا احساس دل ہو اور پرکھنے والی آنکھیں ہوں وہی انسان ادیب کہلاتا ہے۔ افاقوں کے اس حسین مجموعہ کے پیش نظر مشتاق، شاہد اور دلکش کی ابھرتی ادیبانہ صلاحیتوں کا بھرپور احساس ہوتا ہے۔ اگر اسی روش کے مطابق یہ لوگ لکھتے رہے تو عنقریب ہی میدان ادب کے شہسواروں میں شمار کئے جائینگے۔ کہانی کے تین ان تینوں دوستوں کا رجحان دیکھ کر مجھے انکے روشن مستقبل کا یقین ہو گیا۔ میری تمام تر نیک خواہشات انکے ساتھ ہیں۔ اور مجھے کامل یقین ہے کہ "مٹی کے دیئے" کو ہر طبقۂ فکر میں پسند کیا جائیگا۔

سجاد سیلانی
وانی آرٹ
ڈلگیٹ سرینگر کشمیر۔
۱۹ ستمبر ۱۹۷۶ء

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ترتیب

۱	دیباچہ	۸
۲	لحاف	۱۰
۳	تار	۱۶
۴	خوابیدہ گھونگھٹ	۲۱
۵	احساس کا گھاؤ	۲۷
۶	گل قند	۳۲
۷	ڈاکیہ	۴۰
۸	مٹی کا دیا	۴۴
۹	کتر بیونگ	۵۲
۱۰	بوند بوند پیاسی	۵۸
۱۱	ا - م - ح	۶۶
۱۲	نشہ اور ٹھوکر	۷۰
۱۳	بوچھ	۸۱
۱۴	افسانہ	۸۶
۱۵	باگل	۹۳

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

دیباچہ

فطرتاً ہر انسان ایک مصور، ایک شاعر ایک ادیب۔۔۔۔ ایک فن کار ہوتا ہے۔ لیکن فن ——— ! فن حساس ذہنوں کا وہ معصوم و مقدس روح پرور جذبہ ہوتا ہے۔ جسکی کوکھ میں آدمی زندگی کی مکروہ و بھیانک، حسین و شوخ، تلخ و شیریں حادثوں سے متاثر ہو کر اپنے جذبات و احساسات کی ترجمانی کیلئے قلم کا سہارا لیتا ہے ——— ہم تین نوجوانوں کا سنگم "شاہین پبلیشرز غانیار" کی پرخلوص آغوش میں ہوا۔ خیالوں کا تبادلہ ہوا۔ اپنی تخلیقوں پر بحثیں کیں۔۔۔۔۔۔ اور پھر جیسے کسی انجانی قوت نے ہمارے شوق آتش کو بھڑکا کر ہمیں ادب کے وسیع سمندر میں غرق کرنے کی سعی کی۔ اسطرح بالآخر "ساگر پبلیکیشنز" کی طرف سے ہمارا یہ افسانوی مجموعہ "مٹی کے دئے" آیا۔

کوشش پہلی ہے۔ یقین ہے کہ آپ اسے پسند فرمائیں گے ——— اور اپنی قیمتی اور گراں قدر رائے سے ضرور نوازیں گے ———

ہم اور دوستوں کے علاوہ جناب سجو دسیلانی کی یہ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

شفقت شخصیت کے بے حد ممنون ہیں۔ کہ انہوں نے ہر رنگ میں ہماری حوصلہ افزائی کی۔

* مشتاق احمد مشتاق
* سید یعقوب دلکش
* غلام نبی شاہد

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

غلاف

مشتاق احمد مشتاق

مشتاق احمدی

دسمبر کی سرد ٹھٹھرتی ہوئی رات سیاہ لبادہ اوڑھے دھیرے دھیرے سرکتی جا رہی تھی۔ بند کمروں میں لاتعداد انسانوں کی لاشیں دراز پڑی تھیں دور دور تک کوئی آواز، کوئی نغمہ ـــــ زندگی کا کوئی متحرک تصور نہ تھا۔ کائنات خاموش تھی۔ سڑک سنسان تھی۔ اور گلی ویران ....! لیکن اچانک دور کوئی کتا بھونک اٹھا ـــــ جیسے کہ زندگی، حرکت اور عمل کا احساس دلا رہا ہو۔ اور دوسرے ہی لمحے ایک انسانی ہیولہ ویران گلی میں سے گذر کر ایک جھونپڑی نما مکان میں داخل ہو گیا۔ ایک کمرے کے نزدیک پہنچکر لالٹین کی مدہم روشنی میں چولھے کے قریب بیٹھی ایک جوان لڑکی کو اونگھتے ہوئے دیکھا۔ سرد آہ بھر کر آواز دی ـــــ "حلیمہ"

"آ ـــ اکرم بھیا ـــــ" لڑکی نے ہڑبڑا کر اپنی بڑی بڑی گول آنکھیں پھیلاتے ہوئے شکایتی لہجے میں کہا ـــــ "اتنی دیر تم کہاں تھے بھیا ـــــ یہاں میں اکیلی ڈر رہی تھی۔"

"پگلی ـــــ" اکرم نے پیار سے ڈانٹا ـــــ "ڈر کس بات کا تمہارے ہی کام سے درزی کے پاس گیا تھا۔ دیر ہو گئی۔ اور پھر میں نے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

پہلے ہی کہا تھا۔ مجھے دیر ہو جائے تو میرا انتظار مت کرنا۔ کھانا کھا کے تمہیں سو جانا چاہیئے۔ میرے ہوتے ہوئے تمہیں کوئی تکلیف نہ ہونی چاہیئے۔"

"تکلیف تو بھیا تم اٹھاتے ہو۔ میرے لئے اتنا کام۔۔۔"

"کام ——" اکرم بہن کی معصومیت پر مسکرایا۔ "میں نہ کروں۔ تو کیا تو کرے گی۔ میری بھولی بہن تیرے سوا اس دنیا میں میرا ہے ہی کون۔ تیری خوشی ہی میری خوشی ہے۔ بس ارمان ہے تو صرف تمہاری شادی کا"۔۔۔

"بھیا ——" جلیمہ کے رخسار یاسِ حیاء سے سرخ ہو گئے۔ اس کا جسم پسینے سے شرابور ہو گیا۔ وہ شرم کے مارے دوسرے کمرے میں بھاگنے ہی والی تھی۔ کہ اکرم نے آواز دی۔ "اری بھاگتی کہاں ہے۔ آج کیا مجھے بھوکا ہی مار ڈالے گی"۔

جلیمہ کے قدم رک گئے۔

خاموشی سے بھائی کے سامنے کھانا رکھ دیا —— کھانے کے دوران اکرم جلیمہ سے باتیں کرتا رہا۔ بہن کے کنول جیسے ہونٹوں پر مسکراہٹ دیکھنے کیلئے بچپنا رہا۔ جلیمہ بہت کم ہنستی تھی۔ بہت کم باتیں کرتی تھی۔ شرمیلی اور کم گو لڑکی تھی۔ شرمیلی نگاہوں سے بھائی کے چہرے کو تکتی جیسے ہر بات کا جواب ہو۔ ہر جذبے کا جیسے تدارک ہو۔ کھانا کھا کر دونوں خاموشی سے اپنے اپنے کمرے میں چلے آئے۔ رات کا ایک بج چکا تھا۔

اکرم نے سونے کی کوشش کی۔ لیکن معمول کی طرح آج بھی اسکی نیند روٹھی ہی تھی آدمی زیادہ سوچے تو نیند کم ہی آتی ہے۔ اس وقت بھی وہ کھڑکی کے سامنے بستر پہ لیٹے لیٹے سوچ رہا تھا۔ حالانکہ سردی زوروں کی تھی۔ وہ کھڑکی بند کر سکتا تھا۔ لیکن نہیں —— وہ کھڑکی بند کر کے سو جانے کا عادی نہیں تھا۔ بند کمرے میں وہ گھٹن

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

سی محسوس کرتا۔ جیسے کہ تپ دق کا مریض ہو۔۔۔۔۔ اُسکی عمر صرف تیس سال تھی۔ لیکن چہرے پر جوانوں جیسی کوئی شگفتگی، کوئی تازگی نہ تھی۔ حالات اور حادثوں نے اُسے وقت سے پہلے ہی بوڑھا بنا دیا تھا۔ سال کے نقوش ابھی طرح یاد نہ تھے کہ چھوٹی بہن حلیمہ کے جنم کے ساتھ ہی چل بسی تھی۔ ٹرک ڈرائیور باپ اُس وقت ایکسیڈنٹ میں مر گیا۔ جب وہ صرف ۱۳ سال کا ایک معصوم بے محکم بچہ تھا۔ بھری دنیا میں چھوٹی بہن حلیمہ کے سوا اور کوئی اپنا نہ رہ گیا تھا۔ اور کسی نے سر پرستی نہ کی تھی۔ کئی دنوں تک وہ بہن بھائی ایک دوسرے سے لپٹے روتے رہے۔

۔۔۔ آخر کب تک ۔۔۔؟ باپ کی رہی سہی پونجی ختم ہوتے ہی بھوک اپنا بد صورت منہ کھولے بھیانک رقص کرنے لگی۔ زندگی کی تلخیاں مکروہ چال چلتی ہوئی سامنے آگئیں۔ چھوٹا معصوم بچہ ذمہ داریوں کے احساس تلے دب گیا۔ لیکن اس نے ہاتھ نہ پھیلائے۔ جلد ہی سنبھلا اپنی تعلیم ترک کی۔ اور لالچوک میں مقامی اخبار بیچ کر دو تین روپے کما کے اپنا اور اپنی بہن کا پیٹ پالنے لگا۔

دن گذرتے گئے ۔۔۔۔۔ مہینے اور سال ۔۔۔۔!

اکرم جوان ہو گیا ۔۔۔۔ لیکن جوانی کا کوئی شوخ خواب اُسکے ذہن میں نہ مچلا۔ جوانی کے اُچھلتے مچلتے جذبے مردہ تھے ۔۔۔۔ پیٹ پر سکون نہ ہو۔ تو شادی زندگی اور جذبات کی وقعت ہی کیا۔۔۔؟ ارمان کچلنے ہی پڑتے ہیں۔ پیٹ کے لیے انسان کو اپنی عزت پیاری ہوتی ہے پیٹ کا مسئلہ آدمی محنت مشقت سے حل کرتا ہے جبکہ عزت کیلئے دوسروں کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ دوسروں کا محتاج رہنا پڑتا ہے لیکن وہ خوش قسمت تھا کہ بہن اُسکی عزت سنبھالے رکھی تھی شرم و حیا تھی پیٹ پر لگے پیوندوں میں ایسی جوانی چھپا دی تھی۔ محلے بھر میں اُسکی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

شرافت کے چرچے تھے۔ ایسی بہنیں قسمت والوں کو ہی ملتی ہیں۔

باپ، ماں کوئی عزیز سرپرست نہ ہو تو بھائی کے لئے بہن کا گھر بسانا ..... بہن کو دلہن بنانا .... بہن کے لئے جیون ساتھی تلاش کرنا ایک اہم فرض بن جاتا ہے۔ اکرم کو اپنی کم مائیگی کا احساس تھا۔ لیکن وہ فرض سے آنکھیں چرانے والا آدمی نہ تھا۔ ہر ماہ کچھ روپے بچا کر بہن کی شادی کے لئے سامان بنا رہا تھا اور مہینے کی پہلی تاریخ کو کوئی نئی چیز لاکر کہتا ــــ "دیکھ حلیمہ ــــ یہ گہنا بھی تیار ہو گیا ــ اصلی چاندی کا ہے۔ اب تجھے لانے ہیں۔ اور ہاں اچھے قیمتی کپڑے بھی تو لانے ہیں۔ کل شام سے میں کوئی دوسرا کام کروں گا۔ تیری شادی کے لئے ڈھیر سارے روپیوں کی ضرورت ہے۔"

"بھیا تم ....." حلیمہ کچھ کہتے ہوئے رک جاتی۔ قرط جذبات سے بھائی کی پرخلوص آغوش میں اپنا سر چھپا کر سوچنے لگتی ــــ بھائی اُسے کتنا چاہتا ہے کتنی محنت کرتا ہے۔ بہن کو دلہن بنانے کا اُسے کتنا ارمان ہے۔ یہ ارمان .... یہ خواب .... پورا بھی ہوگا یا .....؟ وہ کچھ سمجھ نہ پا رہی تھی۔ اکرم بھی سوچ سوچ کے پریشان ہو جاتا۔ لڑکوں کا جیسے شہر میں کال پڑا تھا۔ کوئی شریف لڑکا ملتا نہ تھا۔ ملتا بھی اگر تو لڑکے والوں کے تقاضے اُس غریب کے لئے ناقابل برداشت ہوتے۔ لیکن اُس نے ہمت نہ ہاری۔ رات دن، سکھ چین، نیند آرام اپنا سب کچھ بھول کر ــــ اپنے پیٹ پاٹنے ارمانوں کا گلا گھونٹ کر بہن کے مستقبل کی روپ ریکھا سنوارنے کی کوشش میں لگا رہا ــــ

مزید ایک سال گذر گیا۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

حلیمہ اب عمر کے چوبیسویں سال میں گزرنے لگی تھی۔ اکرم کو بہن کی جوانی بہن کے جذبات کا احساس تھا۔ لیکن وہ مطمئن تھا۔ خوش تھا۔ فکر کی اب کوئی بات نہ تھی۔ کہ رشتہ ایک جگہ طے ہو چکا تھا۔ ایک شام گھر لوٹ کر حلیمہ سے کہا۔ "اب سنار نے کپڑے بھی دے دیئے ہیں۔ کپڑے بھی تیار ہو گئے۔ لڑکے والوں سے میں کل پرسوں شادی کی تاریخ مقرر کر دوں گا۔ باقی رہا اُن کی مانگ کا ایک ہزار روپیہ۔ اس کا بھی جلدی کوئی انتظام ہو جائے گا۔"

یہ سُنکر حلیمہ کے چہرے پر خوشی کا کوئی تاثر پیدا نہ ہو گیا۔ معصوم سی نظروں سے اکرم کے چہرے کو تکنے لگی۔ جیسے شدت سے احساس ہو گیا ہو۔ کہ وہ بھائی کے لئے پریشانیوں کا سبب بنی ہوئی ہے۔ کاش اُسکا کوئی وجود نہ ہوتا۔ وہ مر گئی ہوتی۔ بھائی میرے لئے اتنی محنت نہ کرتا۔ اتنا فکرمند اور پریشان نہ رہتا

اکرم جب بہت دنوں کی دوڑ دھوپ کے بعد بھی ایک ہزار روپے کا انتظام نہ کر سکا۔ تو ایک دن اُس نے حلیمہ کو بتائے بغیر اپنا جھونپڑی نما مکان گروی رکھ دیا۔ اُسی دن شام کو لڑکے والوں سے شادی کی تاریخ مقرر کر کے گھر لوٹ آیا۔ وہ روزانہ گھر دیر سے آکر اکیلا کھانا کھاتا۔ اور حلیمہ کو بیدار کئے بغیر سو جاتا۔ مگر آج خوشی سے اُس کی بھوک مٹ گئی تھی۔ وہ بہن کو خوشخبری سنانے کے لئے بے تاب تھا۔ جلدی سے حلیمہ کے کمرے میں گیا۔ آواز دی۔ کوئی جواب نہ ملا۔ حلیمہ سو رہی تھی۔ یا لحاف میں اپنے آپ کو چھپایا تھا۔ اکرم نے دوسری بار قدرے اونچی آواز میں پکارا۔ جواب پھر بھی نہ ملا۔ خوش خبری سُننے سے پہلے مر تو نہیں گئی۔ لیکن نہیں۔ انسان اس رفتار سے مر جانے تو آبادی کا سلسلہ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہی کیسے کھڑا ہوتا ۔ کام کرتے کرتے تھک گئی ہوگی بیچاری ۔ اُس نے تیسری بار آواز دینے کے ساتھ لحاف کو آہستہ سے کھینچا ۔۔۔ لیکن دوسرے ہی لمحے اُسکے پیروں تلے زمین نکل گئی ۔۔۔ وہاں جلیمہ نہ تھی عرفت دو تکیے تھے ۔۔!!

کالا سورج
مشتاق احمد مشتاق کا دوسرا ناول
ایک نشتر
○ ایک ایسے شخص کی کہانی ۔۔۔ جسکی زندگی
ایک بدصورت حادثے کی نذر ہوگئی لیکن اسنے
بزدلوں کی طرح موت کو نہیں اپنایا یا خوش بخت
خوابوں کو اپنایا ۔ زندگی کو اپنایا لیکن زندگی نے اسکو
نفرت گھٹن اور گھناؤنی تنہائیوں کے سوا کچھ نہ دیا ۔ اس صدی کی ایک برگزیدہ
اور حقیقی داستان ۔ !
جلد ہی چھپ رہا ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

نار

سید یعقوب دلکش

"کرِ ہِنز اوِ یرن وۄل سارِ ے ہے تبس نال۔ ..... خبر ژۄ دما لاگیس ..... ہتہ دہرِ آژ ژۄدس پیٹھ چھا کاہہ پژھ — وُچھان چھکھنا کمہ وُذ ہلہ تہ گگرا یہ چھ گرژھان"۔ بھابی ہنز یمہ کتھ آسہ ہے وُنز لکان لکان ژۄدِ ٹیکین وِ چھ وِ چھ وِ یاد پیوان — ژۄدِ شرانہ لاجرِ نس — گنی رانٹھ۔ — نہ پوٹ ژلہ لس وار، نہ بروہہ پکہ نس وار ... اِدہ ہے تلی پنجہ پڈی تیز ... زوِ نارِ وِ تس ہر لس سا پس نش — وِ تیتو اوس ہے سارِ ے ہے پانس لیٹھ گومت — سفید ٹوٗ لینچ قمیض ہس ہے بدنس سیتو لاریٹھ گاہ ژ۔ کرِ ہہنہ پتلونہ مُنز ژ اوس وِ دِ دِ گہ پشیان —

ژۄدِ شرانہ وِ اوس ژوہ پارِ ے ماتم کورمت — چھنکو پوشہ ٹوٗ ڑِ ے آسو لرِ لرِ پلے ہتو — کولن تہ آرن مُنہد گروٹ آب اوس کنہ پلن سیتو چھاوِ ژہ کمہ تام غز یلچ سنگت کران — اہ ہ ہ — ہرا دُس پر پھوٹ کنہ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

بسہ رُنگ اشا کان — مگر — ا بس رُکھے تہ کتھ — سوٗ اس آسان سوار یو
سنتہ بُرتھ —

دوہ اوس دوٗ سنتہ — وتھ اس خاموش — نہ ہر دٕ صداہ — کُلی لتجہ
پیٹھ اسو زٕ کاوٗ ژھوہ پہ مای کرتھ اکھ اکس سنتہ بہتھ — رٕدٕ شرانہ اسو
مُنزٕ مُنزٕ ژھوکان تہ یمُو دوہ یو کاوٗ دٕ مُنز اوس اکھ کاوٗ پنٹہ گردن لوٚہ راوان
— تہ بیاکھ کاوٗ اوس اُمیدس کلس پنٹہ لونٹہ سنتہ پُشن پُشن دوان — اتھ
کاوٗ لونٹہ سنتہ یہو ہے پنٹ دُچھن اتھ یاد — یُس زٕ ونہ گاشش منز اوس
تمو سنس پریشان مسنس مُنز پنٹہ تقدیر پہ چھ یکھ یکھ زادان — تہ پنٹہ اُچھ تہ نزن
سمندر چشمن مُنز تہ پنٹھ ناوٗ مُہندم رُٹھ اوسُس پہ سوٗدرس تاردوان —
اکھ اس آسان زٕلان — بیر سو تہ ہر — بالکل قریب — تھ زون شہادت —
سا جہ چہ دوہ سہ آسہ آسان مژہ نندہ — اسہ وچھ اسو پنہ وتھ والہ ڈلہ
کرنس کھوڑان —

پنٹہ دوہ پہ گردن میانہ کو چھ مُنز تھاوٗ اسو تمو سندر دوہ زلہ وٹھ ژٕلوٗ
ژٕ ڈ صرف یہ اکھ کتھ وُنان — "یہ زٕون کیا زہ تیز تیز لوسان ؟" ڈکھ
تلا وٹھ — دوہ زلہ ن وٹھ سنتہ پنٹہ ہوکھ مُنتہ وٹھ تھاوٗ وٹھ — اُچھ
بند کرتھ — اوس سُس بہ وار وار وُنان —

"یہ زٕون چھ آفتابچہ مایہ تیز تیز لوسان — مگر صبح واتھ چھ اُس
تران — تہ صبح پھوٚل آفتابکہ خاطرہ — تہ واتھ لوس میانی خاطرہ
— تہ ے —

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اوہو — ہے ژُجِ کر بکھ نیرتھ — سو گیُر نے سنگہ کہ چھ منز تھوو دُتھ
— "کیاہ"؟ — کہنی نہ — "ژے نیوُتھ خابس منز پنیر اتھ ستی
میانہ زخمک کرُول ملتھ" — "یہ کیتھ زخم؟" سو لجُ ہے دنہ —
"یہ چھُ سُہ زخم یُمُ تمُ سُندنار ژھیتہ کوُر" —
نار — کس نار؟
"انہ گیُہ آس یلیہ ہے تمُ آلو کوُر — یہ ژاس تمُ سُندس لمرس منز میانہ
اتھ پتے گو دمرُک دروازہ بند — لال ٹینج سویتھ ژاج تمُ بولن" —
"کھوزمہ ..... میزہ تیل چھُنا دُروگ" —
اتس تھپھ کرُتھ بہر نودس یہ تمہ ژھیتہ مزہ گا سیوہ ژانگی جہ پیٹھ —
تمہ اوس بر دیتھ ہے مس پریشان کوُر مُت .... پر دِکی جامہ گے یلیہ —
"یہ کیاہ"؟ — ضمیرس ژاج کر بکھ نیرتھ — "یہ چھُ نار — یس ژے
ژھیتہ چھے کرُن" —!
یہ گوس ژانگی جہ پیٹھ تھوو دُتھ —
"پتھ روز بے حیا — بے شرم —"
"بے حیاب شرم چھُ نار ..... یس الاوہ ہے گو نڈمت چھُن — سہ کر
ژھیتہ" —
"یہ نار ژھیتہ کرُن چھُ سفید لمبن بیاہ رنگ کرُن — ہمیس تھوالس
کنڈ ہنے — بے گو ناہ پوشہ ٹوُر یہ کرُن — یس یہ نار ژھیتہ کرہ تمس
دزن پر — یہ گو دسر سبز برگن زرد ژانن —"

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

تمۂ ہندۂ نابہ پُدۂ آسۂ ہے بردہ ٹہہ کُن پکان - بہ اوس پنہ کرتہ
چیرہ شپھ کرتھ پتھ پتھ ٹلان — نیبرۂ کنۂ آسہ اکھ اکھ دُزمل تہ گرای
گرٹھان —

اوک ژاندس بیٹھ یوہ سہ کترۂ لیٹھ اس سہ پیٹھ دُسۂ - لیٹھ گے
پھلۂ —

"یتھ لیٹھ ہندس آہ کہ پنڈس منز کس ہٹس کہ ہنۂ وانکھ گنڈتھ ہے؟"
"میٹون نار — ہرگاہ نہ ژہ یہ نار ژھنۂ کرکھ تیلہ کہہ بہ چانہ نہ سنتۂ ژھنۂ"
تمۂ ہندۂ لو اتھو نبہ میانۂ کرتھ سپنس تل ژٹھ — یمے ژوج
کرکھ نیرتھ — تمۂ ہندۂ دند آسۂ مانس منز ترۂ وہتۂ —
دٹھ تمۂ ہندۂ آسۂ خوٹہ سنتۂ بُرتھ ..... !

بس رُکے یہ کہۂ تام — کہۂ تام — شامہ ٹلایہ آسہ لجہ ہزہ اکھ اکس
سنتۂ اتھہ داس کرنہ — کاوزہ آسۂ اہ گٹھ منز اکھ اکس سنتۂ کار آدتھ
خابن منز —

بس آس اُدلہ ڈہ سنتۂ بُرتھ — ژلہ سنتۂ لوگ میٹون سینہ
تمۂ ہندس کمرس سنتۂ — تمۂ مُشد کرتھ ہن اوۂ دُمس اوس میانس سینس
سنتۂ نالہ موٹت کرتھ — میانہ تمیضہ ہندۂ پاٹھ اوس تمۂ مُشد اوۂ دُر
ساق بدلس سنتۂ لارتھ گومت —

تمۂ مُشد بُتھ دُچھنہ طرفہ تہ میٹون کھودہ طرفہ - لبہ ہندس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہیٹھ وس ڈنڈس پیٹھ اکھ اکس پیٹھ اتھ — بسہ ہنز دوہ زج تہ سبز
کچھ اس دنان تہ زھیتہ گزھان — جذباتو دیت ساری ہے بدلس
ملہ — تھ دنان جذبات میانس بدہ مکس رمس رمس پیٹھ - ٹرینچ
قیض تہ تمڑ شد اوڈ رمس گوہ وخوشک - یمے پھوٹ اوشس - !
بہتر دوہ زلہ بوڑچ کھوڑ اس میانس سفید بوٹس پیٹھ -
"سپٹ گیہ خالی" کئے تام کوڑ اکو —
تمس اس کھوڑس اتھس منز ٹیوٹنڈ لاگتھ دوہ دہ بوتل —!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

گھونگھٹ خوابیدہ

غلام نبی شاہد

آج ۲۴ مارچ ہے۔ ہماری شادی کی تیسری سالگرہ مجھے تو خوش ہونا چاہیے تھا۔ میں اُداس کیوں ہوں ۔؟ عالیشان بنگلہ، نوکر چاکر، دھن دولت، پڑھی لکھی خوبصورت بیوی ۔۔۔۔ یہ سب کچھ ہوتے ہوئے بھی جیسے میرے پاس کچھ نہیں ۔۔۔ یہ بناوٹ ہے، فریب ہے ۔ جل ہے ۔۔۔ پھر ۔۔۔ پھر حقیقت کیا ہے ۔۔۔ ؟ ۔۔۔ وہ بیرونی گیٹ کے دائیں طرف ایک خستہ مگر حقیقت پر مبنی ایک جھونپڑی ۔۔۔ جہاں نہ نوکر ہے، نہ چاکر ہے، نہ دھن ہے نہ دولت ہے ۔۔۔۔ جہاں حقیقت ہے ۔۔۔ سکون سے پُر ایک خوشگوار زندگی ہے ۔۔۔۔ جہاں مالی اپنی بیوی اور بچوں کے ساتھ ایک پُرسکون زندگی بسر کر رہا ہے ۔۔۔۔ اُن کی شادی بھی تو آج ہوئی تھی ۔۔۔ ! ہاں ٹھیک تین سال پہلے اسی دن ۲۴ مارچ کو ۔۔۔ !

میں جب بھی اُداس ہوتا ہوں۔ میرے قدم اُسی جھونپڑی کی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اور بڑھنے لگے ہیں .... جس کی گرد آلودہ دیواروں میں میرا ماضی دفن ہے .... آج میں بہت اُداس ہوں ـــــ اسلئے میرے قدم اُس پگڈنڈی کی اور بڑھنے لگے ـــــ میں جوں جوں پگڈنڈی کے اور بڑھنے لگا۔ مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے ماضی کا پھیلا ہوا سمندر مجھے نگلنے کے لئے بیقرار ہے ـــــ آج میں ماضی میں کھو جانے کے لئے تیار ہوں ... کیونکہ آج میں بہت اُداس ہوں .... اچانک تند و تیز لہر نے مجھے ماضی کے پھیلے ہوئے سمندر میں ڈبو دیا .. اور میں نیچے بہت نیچے چلا گیا .....

اُن دنوں میری پوسٹنگ دہلی ہوئی تھی ..... پہلے پہل میں دہلی کے نئے ماحول نئے لوگوں اور فاس کر گرمی کی حدّت سے کچھ اُکتا سا گیا ... لیکن چند ہی دنوں میں مجھے ایک ساتھی مِل گیا ..... اور میں نئے ماحول سے مانوس سا ہو گیا ـــ وہ ایسا ساتھی جس سے میں نے کبھی بات تک نہ کی ... جس کا نام تک نہ جانا .... جس نے میری طرف کبھی آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھا ..... اُسے دیکھ کر میرے دل میں ایک عجیب معمولی ہمدردی پیدا ہوتی تھی .... میں ہر روز تھوڑی دیر اِس ہمدردی کو لے کر اُس سے باتیں کیا کرتا تھا ..... ہاں وہ بڑے پُل کے اِس پار بائیں طرف فٹ پاتھ پر اپنے پھٹے ہوئے ڈوپٹے کا ایک حصّہ پھیلائے ہر آنے والے کے چہرے پر اپنے مستقبل کا دھندلا سا عکس دیکھتی رہتی تھی ـــــ لیکن ہر آنے والا قریب پہنچ کر پھٹے ہوئے ڈوپٹے پر ایک سکہ پھینکتا ہوا چلا جاتا تھا ..... میں نے اُس کے پھٹے ہوئے ڈوپٹے پر کبھی سکہ نہیں پھینکا ... کیونکہ میں جانتا تھا ... لیکن

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

میرے دل نے اُسے کبھی بھکارن کے روپ میں نہیں دیکھا ..... بڑی بڑی کالی آنکھیں جن کی خاموشی ساگر کی طرح اپنے اندر نہ جانے کتنے طوفان چھپائے تھیں ..... مرجھایا ہوا معصوم چہرہ ... گردش کی چکی میں پس کر پت جڑ کے پتے کی طرح سوکھ چکا تھا .....

_____ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ درد بھی بڑھتا گیا ..... ایک کسک تھی ... ایک چبھن تھی ... ایک تصور تھا ... جو بھکارن کا لبادہ اوڑھ کر کبھی ہمدردی کی بھیک مانگا کرتا تھا ... اور کبھی افلاس کا لبادہ پھینک کر میرے دل و دماغ پر مسلط ہو جاتا تھا _____ آخر دو سال کے طویل عرصے کے بعد میری پوسٹنگ واپس سرینگر ہوئی ... لیکن میں اُس بھکارن کی کسک - درد - اور چبھن کو بھلا نہ سکا جس تصور - درد - اور چبھن کے سہارے میں نے دو سال کا طویل عرصہ ایسے گذارا جیسے میرے ساتھ میرا کوئی ہمدرد تھا _____ ہم زبان تھا _____ ہم خیال تھا .....!

آخر میں نے اُس بھکارن کو اپنے ساتھ سرینگر لے جانے کا فیصلہ کر لیا ..... اُس نے میرے ساتھ آنے میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہ کی - جب میں نے اُس سے یہ کہہ کر اپنے ساتھ آنے کو کہا کہ تمہارے گھر میں ایک ملازمہ کی ضرورت ہے - اگر مناسب سمجھو" _____ ! اس سے پہلے میں کچھ اور کہتا اُس کی بڑی بڑی کالی آنکھیں میرا مقصد جان لینے لگیں - جیسے جو کچھ میں نے کہا تھا اُس کا پس منظر میری آنکھوں میں دیکھنا چاہتی ہو - اُس کی آنکھیں پتہ نہیں کیا کچھ کہہ رہی تھیں _____ جیسے اُس سے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اپنے وجود کا احساس ہی نہ ہو۔ آخر دو آنسک کے قطرے آنکھوں قید سے آزاد ہو کر خاک میں مل گئے ——— ا۔۔۔ اپنا سر میرے قدموں پہ رکھ کر زار و قطار رونے لگی ..... میں نے لرزتے ہاتھوں سے ہاتھ پہ پھیلے ہوئے ڈوپٹے کو سمیٹ کر اس کے سر پہ رکھ دیا۔۔۔!

..... راستے میں مجھ سے ایسی کوئی بات نہ ہوئی جس سے اس کے ماں باپ یا خاندان کا پتہ چلتا سوائے نام کے ——— گھر پہنچ کر میں نے ماں سے یہ کہہ کر مجھ کو ملازمت دلوائی کہ یہ وہاں میرے ایک دوست کی ملازمہ تھی ..... لیکن وہ کافی عرصے کے لئے ملک سے باہر گیا ہے۔۔۔ اس لئے میں اسے یہاں تمہاری دیکھ بال کے لئے لایا ہوں ——— تین مہینے کے تھوڑے ہی عرصے میں مجھ گھر کے ہر فرد کے دل میں گھر کر چکی تھی ..... جس کی زبان پہ دیکھو ایک ہی نام ..... مجھ ——— مجھ کے بغیر ہر کام ادھورا تھا ..... ہر انتخاب ادھورا تھا ..... مجھ کے اخلاق و اطوار دیکھ کر ہر ایک اسکا گرویدہ ہو گیا تھا ..... سب سے بڑی بات یہ تھی کہ ماں مجھ کو بہت پیار کرتی تھی ..... میرے تصور کی وہ بھکارن جو کبھی افلاس کا لبادہ اوڑھ کر ہمدردی کی بھیک مانگا کرتی تھی ..... اب وہ بھکارن کا لبادہ پھینک کر میرے دل کی گہرائیوں میں گم ہو چکی تھی ..... میں نے محسوس کر لیا تھا ..... مجھ کے بغیر میری زندگی ادھوری ہے ..... ویران ہے ..... میرا اٹل فیصلہ تھا۔ میں ماں سے کہہ کر اس تصور کو حقیقت کا لبادہ اوڑھا کر اپنی ایک الگ دنیا بسا لوں گا۔ جہاں نہ قریب ہو گا ——— نہ بناوٹ ہو ..... جہاں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

سکون سے پر ایک خوشگوار زندگی ہو۔۔۔۔!

اُس روز میرا جی کہیں نہ لگا۔۔۔۔ میں دن بھر نجمہ اور اپنے بارے میں ہی سوچتا رہا ـــــ آخری حل یہی تھا۔ میں ماں سے بات کرلوں ـــــ میں ابھی اپنے ذہن میں الفاظ ہی ترتیب دے رہا تھا کہ ماں کی آواز نے میرے ذہن سے سارے الفاظ بھٹک دیئے۔۔۔۔

"نہیں نجمہ کی سخت مکر تھی نا۔؟"

"ہاں ماں۔" میرے منہ سے بے ساختہ نکل گیا

"میں نے نجمہ اور عبدل کی بات پکی کر لی۔"

"پکی کر لی" ـــــ میرا منہ ادھ کھلا رہ گیا۔۔۔۔!

"ایسی کوئی بات نہیں بیٹا میں نے دونوں سے پوچھ کر فیصلہ کر لیا ہے۔ دونوں راضی ہیں۔"

میری آواز حلق ہی میں اٹک گئی جیسے کسی نے مجھے پہاڑ کی اونچی چوٹی سے ہاتھ پیر باندھ کر نیچے گہری کھائی میں پھینک دیا ہو۔۔۔۔ میں چلّانا بھی چاہتا۔۔۔۔ لیکن چلّا نہ سکا۔۔۔۔ میں گرتا گیا۔۔۔۔ اور ذہن میں ایک گورا چٹا مسکراتا ہوا چہرہ گھوم گیا۔۔۔۔ ہاں مالی ـــــ عبدل ـــــ یہ دل سے اپنی وفاداری کا ثبوت دیتا رہا تھا۔۔۔۔ اور شاید آج اُسے اپنی وفاداری کا بدل مل گیا تھا میری چھوٹی سی دنیا لوٹ کر ـــــ!

ـــــ آخر وہ دن بھی آگیا جس دن نجمہ اور عبدل کی شادی اور میر شہر کے ایک رئیس کی اکلوتی بیٹی کے ساتھ چند ٹکڑوں کے عوض سودا ہو گیا ـــــ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہاں وہ ۲۴ مارچ کی ایک شام تھی۔۔۔ جب عبدل میرا سب کچھ لوٹ لے گیا۔۔۔۔ میں کچھ کہہ نہ سکا۔۔۔۔ مجھ خوش تھی۔ مجھ کو اپنے وجود کا احساس ہو گیا تھا۔۔۔۔ انہوں نے اپنی چھوٹی سی دنیا باغ کے بیرونی گیٹ کے دائیں طرف ایک جھونپڑی میں آباد کر لی ــــ!

ــــــ آج ۲۴ مارچ ہے۔ اور میں بہت اداس ہوں۔۔۔۔ اسلئے میرے قدم اُس جھونپڑی کی اور بڑھنے لگے جس کی گرد آلودہ دیواروں میں میرا ماضی دفن ہے ــــ!

کرنیں

★ مشتاق احمد مشتاق ★ سید یعقوب زاکر

اور

★ غلام نبی شاہد ــــــ کا ایک اور

افسانوی مجموعہ

عنقریب چھپ رہا ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

احسان کا گھاؤ

مشتاق احمد
مشتاق

"دیکھو شوکت ـــــــ" سرفراز خان نے اپنے سامنے کھڑے ملازم سے کہا۔ "آج میں آخری بار کہتا ہوں۔ کہ تم اپنی روش بدل ڈالو۔"

"جناب بات دراصل ـــــــ" شوکت نے کچھ کہنا چاہا۔

سرفراز خان نے بات کاٹ کر سختی سے کہا۔

"بات وات کچھ نہیں۔ پچھلے ایک ماہ سے تمہارے متعلق روز شکایتیں آتی ہیں۔ تم دیر سے آفس آتے ہو۔ بنا بولے چلے جاتے ہو۔ کام ڈھنگ سے نہیں کرتے ـــــ کیا بات ہے۔ پہلے تم ایسے نہ تھے۔"

"پہلے میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔؟" شوکت کچھ کہتے کہتے رک گیا۔ اسکی نظریں سرفراز خان کے قیمتی بوٹ پر سے پھسلتی ہوئی اسکے چہرے پر جم گئیں۔ اور دوسرے ہی لمحے [illegible]

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Mumbai. Digitized by eGangotri

لمحوں کی بھاگ دوڑ اتنی تیز اور تلخ کیوں ہو جاتی ہے۔ سرفراز خان.....
وہ سرفراز خان کیوں نہ رہا۔ جو میرے ساتھ پڑھتا تھا۔ جو میرا دوست، میرا ہمراز تھا۔ آج وہ باتیں، وہ دوستی، وہ خلوص کیوں نہ رہا۔ یہ فاصلے، یہ دوری کیوں ——— ؟ آفیسر اور ماتحت کا رشتہ کیا ——— ؟ کیا انسان بڑا آدمی بن کر پرانے رشتوں کو توڑ دیتا ہے۔ بھول جاتا ہے ——— ؟

"ہائے ڈارلنگ....." ایک مدھم سی آواز نے شوکت کے خیالوں کا سلسلہ توڑ دیا۔ ایک خوبصورت لڑکی شوخ و دلفریب مسکراہٹیں بکھیرتی ہوئی کمرے میں داخل ہو کر بولی۔

"باہر دیکھئے کیا حسین موسم ہے۔ اور آپ ہیں کہ یہاں بیٹھے زندگی کے حسین لمحے برباد کر رہے ہیں۔"

"نہیں ——— میں ذرا ان سے....." سرفراز خان نے مسکرا کر شوکت کی طرف اشارہ کیا۔ شوکت کو ایسا محسوس ہوا جیسے اُسے ننگا کیا گیا ہو۔ اُسکی دھجیاں اڑا دی گئیں ہوں۔

اور لڑکی ایسے چونک اٹھی۔

جیسے اب احساس ہو گیا۔ کہ یہ سرفراز خان کا پرائیویٹ روم نہیں بلکہ آفس ہے۔ یہاں اور بھی کوئی ہو سکتا ہے۔ وہ شوکت کی طرف مڑی ———

"آ..... آپ..... معاف کرنا میں نے آپ کو دیکھا نہیں۔"

"کوئی بات نہیں ———" شوکت لاپرواہی ظاہر کرنے کے لئے ہنس پڑا۔ سرفراز خان بھی ہنس پڑا۔ کوئی وجہ نہ تھی۔ لڑکی کے ہونٹوں پر بھی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہنسی آگئی۔ کوئی مفہوم کوئی معنی نہ تھا۔
چند لمحے یونہی خاموشی سے گذر گئے۔
پھر اچانک سرفراز خان اپنی کرسی سے اُٹھکر بولا ــــ "اچھا شوکت میں ذرا ان کے ساتھ باہر جارہا ہوں۔ اور ہاں۔ جب تک میں نہ لوٹوں۔ یہیں رہنا تم سے ایک بات پر غور کرنا ہے۔"

"غور" ۔ ۔ ۔ ۔ شوکت نے ٹھنڈی سانس لی۔ جیسے کہنا چاہتا ہو۔ غور ہی تو کر رہا ہوں۔ اب کس بات پر غور کرنا ہے۔ غیر متوقع کچھ بھی نہ ہو رہا ہے۔ ایسا تو ہونا ہی تھا۔ صدیوں سے ہوتا چلا آیا ہے۔ آج بھی ہوا۔ کوئی نئی بات نہیں جاؤ۔ ــــ تم لوگ جاؤ۔ کہ لمحے قیمتی ہیں۔ جوانی کے لمحے ۔ ۔ ۔ ۔

سرفراز خان لڑکی کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر باہر نکلنے لگا۔ وہ دونوں نظروں سے اوجھل ہوئے۔ تو شوکت ایک لمحہ خالی خالی نظروں سے دروازے پر لگے ہلتے ہوئے پردے کو دیکھتا رہا۔ دوسرے ہی لمحے اُسکے اندر سے کسی نے بے آواز قہقہہ لگا دیا ــــ "تمہارا دوست ــــ اور تمہاری محبوبہ سرفراز خان اور پروین بالو ــــ جوڑی شاندار ہے۔"

"میں نے دیکھی۔" شوکت اپنے آپ سے چیخ کر بولا ــــ "لیکن تمہاری طرح جلا نہیں" "جلا تو میں بھی نہیں" ــــ قہقہہ مزید تلخ ہو گیا ــــ "لیکن تمہاری قسمت پر رونا آتا ہے کہ تم ٹھوکریں کھاتے۔ ٹھوکریں نہ ہوتے۔ کچھ اور ہوتے تو..."
"تو کیا ہوتا ــــ ؟" شوکت بڑبڑایا۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

قہقہے میں تری آگئی۔

جیسے کوئی دُکھتے ہوئے کہہ اُٹھا ہو ـــــ "آج پروین کا بدلا بدلا روپ نہ دیکھنا پڑتا۔ تمہارے دوست کی محبوبہ بن کر سامنے نہ آتی۔ وہ تمہاری ہوتی صرف تمہاری ـــ یاد ہے شوکت تمہارا جذباتی فیصلہ سُنکر پروین نے کیا کہا تھا

. . . . . .

"شادی ـــــ اوہ تم سے....!"

"کیوں ـــــ کیا تو ایسا نہیں چاہتی"

"نہیں بالکل نہیں ـــــ" پروین کے لہجے میں کوئی جھجک نہ تھی۔ "تم ہی سوچو ـــ کیا میرے ڈیڈی مجھے ایک کلرک سے شادی کرنے کی اجازت دیں گے ـــ"

"پروین ـــــ" شوکت پاگلوں کی طرح چلا اُٹھا ـــ "یہ تم کہہ رہی ہو۔ تم ـــــ پھر تمہارا پیار، وہ وعدے، وہ باتیں ـــــ وہ سب کچھ کیا تھا۔ ایک ناٹک تھا ـــ"

"ناٹک ـــــ" پروین طنزاً ہنسی ـــ کچھ دیر ہنستی رہی۔ شوکت اس ہنسی سے کانپ اٹھا۔ کچھ کہنے ہی والا تھا۔ کہ پروین لہجہ بدل کر بولی ـــ

"اے ناٹک ہی کہنا چاہیئے۔ فرصت کے چند لمحات آباد کرنے کو، ایک ساتھ چائے پینے، کچھ دیکھنے یا باتیں کرنے کو تم مجبت نہیں کہہ سکتے۔ رہا شادی کا سوال۔ تو میرا جواب ہے۔ کوئی بھی سمجھدار لڑکی خود ہی اپنے سر پہ کلہاڑی نہیں مار سکتی۔ اپنا مستقبل تباہ نہیں کر سکتی ـــ"

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

پروین حسین تھی۔

مگر یہ روپ ..... یہ باتیں ..... یہ لہجہ تلخ و بدصورت تھا ۔ شوکت کے حلق میں کانٹے سے پڑ گئے ۔ وہ چاہنے کے باوجود بھی کچھ کہہ نہ سکا جی میں آیا ۔ اُٹھ کے اس بدکار لڑکی کا قصہ تمام کرے۔ اسکا گلا گھونٹ دے لیکن وہ ایسا نہیں کر سکا ۔ وہ محض پروین کو دیکھتا رہا ۔

اور پروین چلی گئی ۔

آج بھی پروین چلی گئی ۔ نیا زخم ..... نئی چوٹ دے کر ۔ مگر آج کی تازہ چوٹ نے ذہن کے تاریک گوشے میں چھپی ہوئی بات کو جیسے زبان دی ۔ اُسے احساس ہو گیا ۔ واقعی وہ حقیر ہے ۔ نفرت کے قابل ہے ۔ پروین جیسی لڑکی کو اپنانے کا خیال اسکے لئے محض ایک خواب ہے اس لئے یار دوست دنیتے داروں میں نظریں دوڑائیں ۔ تو اپنے آپ کو کتنا محروم کیا ۔ ہونہہ کلرک ..... اُسے اپنے پیشے سے نفرت ہو گئی ۔ ایک عام کلرک کا چہرہ اسکی آنکھوں کے سامنے گھومنے لگا ۔ سستے ہینڈ لوم کپڑے پہنے ہوئے، بجھا بجھا سا، بیزار چہرہ ، دھنسی ہوئی ویران آنکھیں، دل میں خواہشات کا سمندر، کل کی امید پہ جینے والا ۔ جیسے کل کوئی لاٹری نکلنے والی ہو یہ بھی کوئی زندگی ہے ۔ اس سے تو بہتر ہے کہ ..... ؟ وہ مزید کچھ سوچ نہ سکا۔

احساس کمتری کی شدت افتاد کی گھٹن کا احساس بڑھ گیا مزید تلخ اور گھناؤنا ہو گیا ۔ اسی لمحہ استعفےٰ لکھ کر کمرے سے باہر نکل آیا ۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وہ دن گھر پر اپنے کمرے میں پڑا سوچتا رہا۔

تیسری صبح ماں نے پوچھا ـــــ "بیٹا تمہیں دفتر نہیں جانا ہے کیا۔؟"

"ماں میں نے نوکری چھوڑ دی ـــــ"

"نوکری چھوڑ دی ـــــ" ماں کی آواز ڈوب گئی۔ "کیوں ـــ پھر اس گھر کا کیا ہوگا۔ تمہارا کیا ہوگا۔ تمہارے چھوٹے بہن بھائیوں کا کیا ہوگا۔"

"ماں ـــــ" شوکت نے دور خلاؤں میں دیکھتے ہوئے جواب دیا ـــ "تو پھر لعنت ماں ـــ اپنی طرح اپنے بھائیوں کو کلرک بنانے کے لیے موت نہیں مرنے دوں گا ـــ!"

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

گُل قندہ

سیّد یعقوب دِلکش

کاشُر گھ لاب کریٚنجُل طاقچس پیٹھ۔ مدریسر میہ وس
دیکچس منز ٹھانڈہ کرٕتھ۔
"گھ لاب تہٕ مدریر کنتھ کیٚتُت ؟"
"گل قندٕ خمیرہ کیٚتُت"
تا میہ نہٕ گُل قندٕک شوٚقٕ ... اما پوٚز میٚانٕ
ناسیٹھاہ شوق۔
پتہ آیٚزٕ" — بٕیس وٚچھ اُچھ تمیلان" ... وٚچھ
تُمن ہمسایٚن کمہ رنگ برنگین وارہ چھ گُل قندٕ بُرتھ نبرٕ کنٕ تاچس
اویزان"
"تہٕ چھُ پوٚز — مگر تو چھ بمبر وارہ بیرس کلواہٕ مزٕ — ازکس
کٕران دِیر یٚزھ ذیرہ وارہ تھ نٕرخس ؟"
کنٕہ نٕ" — ژمرے مُٹ چھ زیادہ وزان"

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

گرہ کہن ہنز کنی کر پکھ ۔۔۔۔ "فرض فرض کرتھ آو اسی گل قندہ خاطرہ وار ۔۔۔۔ تتھ وار پچ گل قند تتھ موٚدر آسہ ۔۔۔ زہ کا نسہ ہنز زلو ٹیٹھی نہ نانہ"

"تتھ زیر وار کیس کرالس ہیمو ۔۔۔ شویو وفی تہ لوبو وفی ۔۔۔ شراہ اچھو لجہ ژھانڈ نہ ۔۔۔"

آ ۔۔۔ اگر تنے وار جل جل بنہ ۔۔۔ کا شری گوہ لاب گرتھن ہوکھتھ ۔۔۔ مدریس لگن کیہو ۔

یتھ گرمہ کرایہ منز کس چھ سنیس نہ تریشہ یا پتھ وٹھن پتر چھ لگان ۔۔۔ زلو یران پٹھتھ ۔۔۔ دچھس نار ہیوان ۔۔۔ اچھن نٹن لگان ۔۔۔ ۔ سے یس ہ گول زہد لیمبین یا پتھ اکھ پولہ تہ چندس منز چھ ۔۔۔"

اذ چھ لیمبین سکھ یاذ ۔۔۔ گول زہد لیمبو وچھو وچھو چھ مے ہیوانسان ۔۔۔ ہنہ بدلہ وٹھ زیوہ سنتی پھشان آسان وٹھن ہنز پتر دندستی تمان ۔۔۔ "اما پوذ اسہ پنہ ژھروے آلس ۔۔۔ گرو ٹھ گرو ٹھ چینس ہال کرو ۔۔۔"

یم ٹوکرہ منڈی لیمبو کیانہ چھ میانہ تریشہ دتش دوان ۔۔۔ مے وذتھ تریشہ دوذ سہ ۔۔۔

اکھ لیمبو تریشہ گلاسا ہنہ ما چیتھ ۔۔۔ کتی دام ۔۔۔ مگر کتہ ؟ ہ ماذوس کرالہ پشدہ فانہ نشہ ۔۔۔ ادہ کیاہ ۔۔۔ لیمبین وچھو وچھو

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کوٗت دوٗلس ہٕر ـــــ "یٖمبر تٔرٕلیش چھتھ تہٕ مہٕ منٔے ـــــ
ژھوٚ دُوے آب چھتھ تہٕ مہٕ نٔے ؟"

پتھ کیٲنہٕ کُلھ لوکرہٕ منٔز سجٲوتھ تٔرٕلیشہٕ تہٕ ہٕنٔرہٕ اُچھ
دٔرٕس لاگان ہٕ ـــ کیٲنہٕ ؟ـ

اوہ بہ ما دوٗلس کرٲلہٕ ہِنٕدٕس دُکانس نِش ـــ آ ـــ
کرٲلن اوس جھیرہٕ مُہند ٹلی چہٕر ڈبکہ چھٕن گٔنٕہ سیتھ لوگمت ـــ
سلام کرٕتھ ترٲوِ ہے ساری ہے والس پیٹھ نظر ـــ

"وٲرکتہٕ ـــ شوبہ دٕوتہٕ تہٕ لوٗبہٕ وٚتہٕ ـــ شُراہٕ اُچھ لجہٕ ژھانڈنہٕ"
بُڈھہٕ کرٲل دٚتھ تھوٚد تہٕ المایہٕ منٔزہٕ واجِن سارٕیمی وایہٕ تہٕ
تراوِن ہے بردہٕ نہٕ کتہٕ ـــ

"کمہٕ دوغنی گول گول وایہٕ ـــ رنگ برنگین ـــ
کم نقش ـــ یٖمبر ڈل پوش تہٕ یاسمن نقرہٕ"

یہٕ وِچھتھ نہٕ وٚچھن کرٲلس اٚچھن پُٹ گنڈتھ ـــ

ہوٚ کیدٕر رنگچ وٲر ـــ دوہ ڈل دمانہٕ کرٕتھ ـــ نہٕ ہوہ ـــ
دوہ نٔرچ وٲر ـــ یاسمن نقرہٕ کرٕتھ ـــ نہٕ ہوہ وٲر ـــ یٖمبر ڈل چشمہٕ
کرٕتھ ـــ تیٚلہٕ ہوہ آہٕ ہِش ـــ یٖتھ پیٹھ میٚون بُتھ چھُ پوان
بوزہٕ ـــ تیٚلہٕ سارہٕ مُچ تہٕ ـــ آ ـــ مگر ـــ ہے تر دولوتی
چندس منٔزا تھہٕ ـــ ساڈ باہ آہٕ آسی شروہ وٚ شروہ وٚ کران ـــ
"وتمن فرض کرٕتھ اَلو اُسی تٔرٕتھ ژیدٕ وٲر ـــ شوبہ دٕوتہٕ تہٕ لوبہٕ وٚتہٕ ـــ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

— گنی کر بکھ "

تی چھُ ٹھیک — اما پوزُ — گرہِ وا تھ یُس کا نہ وہ پس نظر پیٹھ
سُ ناگر — "زیر وار — شوبہ وُ نہ تہ لوبہ وُ نہ — شراہ اچھ لجہ
نعانڈ نہ "

الہ قابہ پیٹھ میا نہ نظر تھ وا ہ کُن یو سہ گردہ تہ ما یہ منز ولنہ آس
سہ چھ — تہ یو لوگس کرا لس دنہ —

" نہ ہ ہز ہہ زید وار یو سہ کو نس منز چھ ہا دکھ "
صفید ریش چہ ہہ نگنہ سیتو ملو چہ لا گتھ لوگ ہے وا ہ وا ہ دنہ
" یہ تہ ہز چھے تہ اصل — پوشہ لنجہ کرتھ یہ کیاہ زیر وار سے
چھے "

تہ چھُ ٹھیک — اما پوزُ —

ژنگس تہ ڈزا نس چھ سا دی عاشق — مگر ژور ناگر —
ژنگس روغنس تہ پوشن ہُرہ نرخ — سا وُ باہ آہ نالہ موت کرتھ —
اما پوزُ سڑوگ گہ وہ روگ — اپوزُ — ڈڑوگ گہ وسروگ —
وچس منز سوالہ جوابن مُند نیائے —

" چیز چھُ خوبیا دس پسند کرُن — نہ کہ دکا ندارس یہ خوش کرہ تہ دیس "
یہ کتھ یو ڈتھ وڈتھ کرا ل وا ہ وا ہ کرس پیٹھ نرہ تھا وتھ — تہ
وچل ا نین کو ہ تہ منزہ سو وار بہ ن کُن وا لتھ —

" ہز کہنہ ڈیہ ہ ہاہ دکھ دلو یہ گرد دلتھ راوس "

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہیے نیو شرارتہٕ سان وُنتھ — وُچ کتہٕ ؟۔

تحوٗ نہٕ یکدم دستار لونٹھ تہٕ لوگ وارہٕ وارہٕ گرد و تھراوتہٕ گرد و تھر آوتھ باسہٕ ہیے نوٗ وُے علیاہ ہُشس رنگس پیٹھ زرد و آر گیہٕ میانس منس تٔرتھ "یہٕ چھُ اپوٗ — پوٗزکیاہ چھُ ساڈ باہ آنہٕ"

اُچھ وُٹھ کرُ ہیے وارہٕ دُچھنہٕ اتھ تھپھ تہٕ لوگس کرالس معمل پہ ژھنہٕ - اماپوٗز کرال لوگ اچھن منٔز اُچھ ژھنتھ کیاہ نام ونہٕ — اُچھ لبھ کتھ بوزنہٕ —

"یہٕ چھ میانہٕ ژٔرچہ منز آدیچ وآر — ہوکھنہٕ موکھ اس ہیے یہٕ وآر تماس ترآوہٕ — یہٕ اوس گہٕ وٗرائمت — کتی رُودہ مانٹھ لآجن - میانہٕ اتھ وارہٕ اس زب گژھنس تیار نہٕ یہٕ وولس — تتہٕ بیٹھ پرُس نام ووت ہیے وارہٕ مرُت کران — یہٕ چھُس حآران —

"تہٕ ہے کتھ کرٔ ینتھ یہٕ وآر - ہُیچ وآر"

ہیے ترو جل یہٕ اتھ چندس منز - ساڈ باہ آنہٕ کوٗنس منز ژورأ اچھ گیہٕ الگ — "دوہ ذکیا ۂز چھُ دیُن ؟ — کہٕنی نہٕ"

"چون دیُن گہ ولس یہٕ زہ — ژہ تھا دکھ یاد"

وآر پھٹ — یہٕ پھٹس — وآر وآر یہٕ وولس"

سفید دیہٕ ہُندگنڈ کرٔ تھ تُچ ہیے بیٹس منز وآر تہٕ وولس گہٕ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

"دَبَر وَاَر کَنِزاے — شوبرِ وُنو تہ لوبرِ وُنو — شراہ اُچھ گیہ
سند — ا"

ہیے آس تمہ دو ہہ گل قند بُرتھ وار — ستلہ گنڈ کہ
ڈبر ہندس دُندس تاپس اویزان تراوِ ثر —

از آس ہے بابر دہن دو ہہ ہن ٹُکر آ بلون وا جو ثر — اَز
آسو ساڈی سالس گاہتی — نبھیف یاتھ آس — ہ
گوس مژہ نندرہ تھود دُ ہتھ — بر ٹھس کتھ گودِ ے شح
زالتھ دُچھ ہے وا آس لہ پے ثر — مگ ہیتھ گلقند خمیرہ
کیاہ کُنی لہ کھر گاہ ثر — پھکہ گانڈ — ہے پھوٹ اوش —
"میانس لولس کے کہ چھلہ تہ پھلہ" ب دادہ — "میانین پوشہ
باغن کے ڈون زَرَ" ب یمہ دادہ — آ — یمہ دادہ — !
ہ از نہ بر یتھ دادہ چھلہ تہ پھلہ کرتھ — ہے نیو یکدم طاقچہ بیٹھ
مار تو وا تھ — بر اوس دب تراولس تیار — کرالہ شنز آ واز
گیہ مار تورس تھچ کرتھ —
وار پھوٹ — بر پھوس
وار آ — بر روس"
پھٹن کس پھٹر — وا ون کس رادہ — میانے ساے محنت گیہ ضایع —
میانین شوقن — ارمان — ہاوسن — . . . . . .
بر اوس دب تراولس تیار — یاہ لوز شوک گاش اوس دادہ نیزد تر لو
منزی یہ کتھ یا وان — زہ وا چھ گ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کفن

سید یعقوب دلکش

یہ کتہ اوس، یہ کوت آس ؟
یٹھ کیاہ سا دی خوفتہ یٹھمتی ؟
ہمس دندن ہام لجر ہژ، یمس اچھن زوان
ہتھ لال ٹینیچر سہ یتر کیازہ زوکھان ؟
یہ کس ؟
میانس یتھ بسہ نے متس کفنس درسہ دوان۔
مہ م یتھ بسہ نے متس کفنس
انہ کیاہ یہ اتھ
تھو دوہتھ وارہ وارہ تہ لال ٹینس تراوتیل
ہے تراوتیلہ ——
یہ ژلہ توری یٹھ ہاس ——!

ڈاکیہ

غلام نبی شاہد

"زندہ وہ ہے، اُس کی رُوح زندہ ہے جو دُوسروں کے لئے جیتا ہے ——— وہ مر چکا ہے ——— اُس کی رُوح مر چکی ہے۔ جو صرف اپنے لئے جیتا ہے" ——— !

——— یہ الفاظ نہ جانے میں نے کہاں سے سُنے تھے ..... یہ الفاظ یاد آتے ہی مجھے اپنا آپ مَنوں بھاری محسوس ہوتا ہے ..... میں جب بھی خوش ہوتا ہوں یا کسی بات پر ہنس لیتا ہوں تو اچانک یہ الفاظ نشتر کی طرح میرے وجود کو ڈسنے لگتے ہیں۔ اور ماضی کے دریچوں سے ایک دُھندلا عکس رینگتا ہوا میری ساری خوشیوں پر حاوی ہو جاتا ہے۔ جو بچپن سے میرے وجود کو اپنے اندر جذب کئے ہوئے ہے ..... دھندلا عکس رفتہ رفتہ ایک تصویر بن کر مجھے سوالیہ نظروں سے گھورنے لگتا ہے۔ اور میں ماضی کے دریچوں سے گذر کر اپنے مکان کے آنگن میں اپنے ہم عمر بچوں کے ساتھ کھیلتے کھیلتے گھنٹی بجنے کی آواز سنتے ہی دروازہ کھول دیتا ہوں ..... اور میرے سامنے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

یہی دھندلا عکس آنکھوں میں کرب چہرے پر پھیکی مسکراہٹ لیے میرے ہاتھ میں خط تھما دیتا ہے۔

_____ وہ گھنٹی بجاتا ہوا چلا جاتا ہے ۔۔۔ اور میں ٹکٹکی باندھے اُسے دیکھتا رہتا ہوں ۔۔۔ یہاں تک کہ وہ میری نظروں سے اوجھل ہو جاتا ہے ۔۔۔۔ ہاں یہ دُھندلا عکس رام لعل کا ہے ۔۔۔ رام لعل ہمارے محلے کا ڈاکیہ ۔ جسکو میں نے بچپن سے آج تک صرف خط بانٹتے ہوئے دیکھا ۔۔۔۔ میں بچہ تھا ۔۔۔ جوان ہوا ۔۔۔۔ دنیا کہاں سے کہاں پہنچی ۔۔۔ مگر ۔۔۔۔ رام لعل ابھی ڈاکیہ ہے ۔۔۔ صرف ڈاکیہ ۔۔۔

ٹھٹھرتی سردی ہو یا جھلسا دینے والی دھوپ ۔۔۔ رام لعل اسی ٹھٹھرتی سردی یا جھلسا دینے والی دھوپ میں مجھے کسی عزیز، دوست یا رشتہ دار کا خط لے کر آتا ہے ۔۔۔ میں خط لیتے ہی دروازہ بند کر لیتا ہوں ۔۔۔ اگر کبھی اتفاقاً میری نظریں رام لعل کے چہرے پر پڑ جاتی ہیں ۔۔۔ میری نظریں خط کی تحریر پڑھنے کے بجائے رام لعل کی پھیکی مسکراہٹ کے پیچھے ہزاروں پھیکی تحریریں پڑھنے پر مجبور ہو جاتی ہیں ۔۔۔ جنہیں بچپن سے آج تک میں سمجھنے سے قاصر رہا ۔۔۔۔۔!

رام لعل کیچڑ بھری گلیوں میں سے سائیکل گھسیٹتا ہوا ۔۔۔ اور دوسرے خط کا تمام زبان پر دہراتے دہراتے دروازہ تک دیتا رہتا ہے۔

۔۔۔ اور میں خط پڑھتے ہی خوشی سے پاگل ہو جاتا ہے ۔ کیونکہ یہ خط میرے کسی دوست ۔ عزیز ۔۔ یا کسی رشتہ دار کا ہوتا ہے ۔۔۔ مگر ۔۔۔۔!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مگر اس ٹھٹھرتی سردی میں یہ خط میرے پاس کون لے آیا... ؟ کون ہے وہ جس نے مجھے اپنے ہمدرد۔ عزیزوں۔ دوستوں۔ رشتہ داروں کے دکھ درد سے آشنا کیا ہے ....؟ ... کون ہے وہ ... ؟ ہاں .... رام لعل کے سوا اور کون ہو سکتا ہے ..... ایک ڈاکیہ کے سوا اور کون ہو سکتا ہے .... میں کتنا خود غرض ہوں .... میں ہی نہیں خود غرض ہر وہ ایک .... جو رام لعل جیسے ڈاکیہ سے خط لے کر کبھی یہ نہیں پوچھتا .... کیا کوئی تمہارا دوست، عزیز، رشتہ دار کوئی ہمدرد تم سے دور ہے ... اگر ہے .... کیا کوئی ہے جو تمہیں اُن کے دکھ درد سے آشنا کرتا ہے .... کیا ڈاکیہ ہوتے ہوئے بھی تمہیں ڈاکیہ کا انتظار نہیں رہتا ..... نہیں ہم سب مر چکے ہیں .... کیونکہ ہم صرف اپنے لئے جیتے ہیں ..... نہیں میں زندہ ہوں .... میری رُوح زندہ ہے .... یہ الفاظ اپنے آپ سے بڑبڑاتے ہی میں نے فیصلہ کر لیا .... اب جب بھی رام لعل ڈاک لے کر آئے گا .... میں اُس سے ضرور پوچھوں گا .... رام لعل تمہاری پھیکی مسکراہٹ کے پس منظر میں ہزاروں پھیکی تحریریں پوشیدہ ہیں ... کیوں .... ؟ رام لعل کیا کوئی عزیز دوست۔ ہمدرد تم سے دُور ہے .... رام لعل تمہارا ایک بیٹا تھا ... جس کو تم نے ڈاکٹری کی تعلیم مکمل کرنے کے لئے ولایت بھیجا تھا ... وہ واپس نہیں آیا ... رام لعل تمہیں اُس کے خط کا انتظار نہیں رہتا .... رام لعل تم ایک ڈاکیہ ہو نا نہ ہوا تمہیں لوگوں کے دروازوں پر دستک دیتے دیتے .... رام لعل کیا تمہارے دروازے پر کبھی دستک ہوئی .... کیا تمہیں ڈاکیہ کا انتظار نہیں ....

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

..... کیا کوئی ڈاکیہ نہیں بیٹے کا خط لے کر آیا ... نہیں رام لعل .. نہیں ... تم صرف اُس کی راہ تکتے رہے ..... اُس روز سخت بارش ہو رہی تھی میں چائے کی گرم چکیاں لے کر ٹھٹھرتی سردی سے بچنے کی ایک ناکام کوشش میں مصروف تھا ... میں سوچ رہا تھا۔ میں ناکام کوشش میں مصروف کیوں ہوں ... نہیں ... شاید اپنے مرے ہوئے وجود کو زندہ رکھنے کی ایک کامیاب ترکیب ہے ... نہیں میں زندہ ہوں میری روح زندہ یہ الفاظ اپنے آپ سے قدرے اونچا بڑبڑا کر میں نے کمرے کی بڑی کھڑکی کھول دی .... بارش کا سُنسناتا ہوا شور میری ساری ناکامیوں پر غالب آگیا ... بارش کا ہر قطرہ زمین پر پڑتے ہی اپنے پھیلتے وجود کو میری طرح سمیٹنے میں ناکام ہو رہا تھا .... لیکن مجھے ہر قطرے کے پس منظر میں زندہ رہنے کی ایک ترکیب نظر آ رہی تھی ..... اور وہ تھی ... رام لعل کی .... دھندلی پھیکی مسکراہٹ ..... !!

اچانک گھنٹی کی آواز نے میری ساری توجہ اپنی طرف مبذول کی ... اور کوئی انجانی قوت مجھے کمرے سے باہر لے آئی ... "رام لعل" ..... بے نام اپنے آپ سے ہڑبڑاتے ہوئے میں نے دروازہ کھول دیا ... لیکن یہ دیکھ کر میں وہیں ٹھٹھک گیا ..... ڈاکیہ ضرور تھا ... مگر ... رام لعل نہیں ..... !!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

موت کا دیا

مشتاق احمد مشتاق

رات خاموش اور حسین تھی۔
ٹھنڈی ہوائیں کسی دلہن کے گھونگھٹ کی طرح آہستہ آہستہ سرسرا رہی تھیں۔۔۔۔ چاند۔۔۔۔ پھر پورا چاند دلکش سماں پیدا کئے ہوئے مسکرا رہا تھا۔ مگر اگلے ہی لمحے یہ سب کچھ بدل گیا۔ رات تاریک اور بدصورت ہوگئی۔ چاند چھپ گیا۔ اسکی مسکراہٹ سیاہ خوفناک بادلوں نے توچ لی۔ بلکل اسی طرح جیطرح رخسانہ کی مسکراہٹ ہم محلے والوں نے چھین لی تھی

محلے کے ہر ایک فرد کو رخسانہ سے تفریح کرنے کا پورا پورا حق تھا۔ بچے، بوڑھے، مرد، عورتیں۔۔۔۔ سبھوں نے اسکا جینا دشوار کر دیا تھا۔ طنز۔۔۔ حقارت اور نفرت۔۔۔۔!!! یہ تین چیزیں اسکے وجود کا ایک حصہ بن چکی تھیں۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے صرف چند سال پہلے وہ کتنی ہر دل عزیز تھی۔ کتنی معصوم تھی۔ کتنی شوخ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

تھی۔ ہر کوئی اُسکا گرویدہ تھا۔ وہ ہمارے گھر بھی آتی جاتی تھی۔ میرے ساتھ لوٹتی جھگڑتی، خفا ہوتی اور خود ہی مان جاتی۔ لیکن جب کبھی اُسکا غصہ نہ اترتا ــــ تو کہتی ــــ تو کیوں مجھے چھیڑتا ہے۔ دیکھ ابھی تجھے پٹوا دوں گی۔ تیری شکایت امی جان سے کر دوں گی ــــ" میں مسکرا کر اسکے پیچھے بھاگنے لگتا ــــ وہ انگوٹھا دکھا کر ماں کے کمرے میں چلی جاتی۔

ــــ وہ میری ماں کو امی جان ہی کہتی تھی۔ اُسکی اپنی ماں مر گئی تھی ــــ میری ماں بھی اُسے بہت چاہتی تھی۔ بہت پیار کرتی تھی۔ بالکل اپنے بچوں کی طرح ..... مگر وہ دن منحوس تھا۔ عجیب سا تھا۔ میں نے ماں کا دوسرا ہی روپ دیکھا۔ ظالم اور بے رحم روپ۔ وہ روپ جسکا مجھے اور شاید رخسانہ کو بھی گمان نہ تھا۔ اچانک ماں بے حد تلخ لہجے میں رخسانہ سے کہہ اٹھی ــــ "تم یہاں کیا کرنے آئی ہو۔ تیرا گھر کیا جل گیا ہے یا تیرے ہمارے دشمنوں کی طرف کیا بھی۔ تو میں تیری ٹانگیں توڑ دوں گی ــــ"

"مم ..... مگر ....." رخسانہ کچھ کہہ نہ سکی۔ آنسو بھری آنکھوں سے میری ماں کو دیکھتی رہی۔ دفعتاً میری ماں نے مجھے حکم دیتے کہا ــــ "نکالو ــــ اسے باہر ابھی اور ..... اسی وقت۔ میں اسکی صورت بھی دیکھنا نہیں چاہتی ــــ"

میں ماں کے غصے سے واقف تھا۔ رخسانہ کا ہاتھ پکڑ کے ہی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

والا تھا۔ کہ وہ بے بسی سے مجھے دیکھتے ہوئے واپس اپنے گھر کی طرف چل پڑی۔ یہ۔۔۔ یہ۔۔۔ یہ تبدیلی۔۔۔۔۔ ماں کا بدلا ہوا رویہ۔۔۔۔۔ کل کا پیار۔۔۔۔۔ آج کی نفرت۔۔۔۔۔ یہ حقارت ——— یہ سب کچھ کیا ہے۔ ماں نے ایسا کیوں کیا۔ رخسانہ کا قصور کیا ہے ——— ؟ میں کچھ سمجھ نہ سکا۔ میں ان دنوں چھوٹا تھا۔ نا سمجھ جو وہ پندرہ سال کا۔۔۔۔۔ اور رخسانہ مکمل جوان ———— !

وقت گزرتا گیا۔

میں بڑھتا گیا۔ میرا شعور بالغ ہوتا گیا۔ میں بہت سی باتوں سے باخبر ہو گیا۔ مجھے سمجھا دیا گیا۔ رخسانہ سے نفرت کرنا کیوں ضروری ہے یہ کس جرم کی سزا ہے۔ اُسکا قصور کیا ہے۔ وہ شادی سے پہلے ہی ایک بچے کی ماں بن گئی تھی۔ ناجائز بچے کی ماں ———— ہمارا سماج سب کچھ معاف کر سکتا ہے۔ مگر یہ گناہ نہیں ———— یہ سنگین شرمناک حرکت نہیں۔ اکثر لوگوں کو یہ شکایت بھی تھی۔ کہ وہ کیوں اُس ذلیل شخص کا نام نہیں بتاتی جسنے اُسے داغدار بنایا۔ اُسے برباد کیا ——— وہ۔۔۔۔۔ وہ ذلیل شخص کون ہے۔ ؟

اسی دوران رخسانہ بیمار ہو گئی

محلے کے مرد، عورتیں، نوجوان۔۔۔۔۔ غرض سبھوں نے اپنی اپنی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

جگہ خوشی کا ڈول پیٹنا شروع کیا۔ مجھے ایسا محسوس ہوا۔ جیسے وہ سب رخسانہ کے مرنے کے خواہاں تھے۔ مر جائے گی۔ بھلا سے چھٹکارا ملے گا۔ محلہ ناپاکی اور گندگی سے پاک ہوگا۔ اور شاید سماج کا کوئی خاص مقصد بھی . . . . . .

رخسانہ کے کردار کو میں بھی حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا۔ مجھے بھی اُس سے نفرت تھی۔ مگر نفرت کا مطلب یہ نہ تھا۔ کہ اُسکا وجود ہی ختم ہو جائے۔ ایک رخسانہ مرتی ـــــ دُوسری رخسانہ جنم لیتی۔ یہ آنا جانا آدم کے وقت سے چلتا آیا ہے۔ نام بدلتے گئے نشان مٹتے گئے۔ یادیں بنتی گئیں۔ مگر گناہ ـــــ گناہ کا انداز نہ بدلا۔ گناہ وہی ہے۔ گناہ کا آغاز وہی ہے۔ گناہ کا انجام وہی مکروہ اور بھیانک ہے اور گناہ کرنے کی انسانی فطرت وہی صدیوں پرانے وحشی درندے کی سی ہے۔

رخسانہ میری نہیں ـــــ!

البتہ لوگوں نے کہا۔ موت کے دہانے پہ ہے۔ کل پرسوں تک ضرور مر جائے گی۔ دوسرے دن میں کالج سے آرہا تھا۔ بڑی دیر ہو گئی تھی۔ ہر طرف پراسرار خاموشی اور بھیانک اندھیرے پھیلے ہوئے تھے۔ مجھ جیسے کمزور دل انسان کے جذبات اندھیروں میں ہی ابھرتے ہیں۔ دنیا کے خوف سے جو میں دل کی تابناک روشنی ہی نہیں کر سکتا۔ وہ میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ے اندھیرے میں کیا۔ میں کسی انجانی قوت کے زیر اثر رخسانہ کی
چھوٹی بہن کی داخل ہو گیا۔

لالٹین کی مدھم روشنی میں وہ بیٹھی کچھ گنگنا رہی تھی۔ مجھ پر نظر
پڑی۔ چونکے بغیر ہونٹوں پر عجیب سی مسکراہٹ لئے۔ مجھے گھورنے لگی میرا
دل دھڑکنے لگا۔ میں گھبرا سا گیا۔ اور اپنی حالت پر قابو پانے کیلئے میں نے جلدی
سے کہا۔

"رخسانہ۔۔۔ بیں ۔۔۔ میں تمہاری خیر و عافیت پوچھنے آیا
ہوں۔ کیا حال ہے اب صحت کا۔"

"صحت ۔۔۔!" اس نے ہونٹوں کا زاویہ بدل کر طنزاً کہا۔ "
تجھے کیا دکھائی دیتا ہے ۔۔۔؟"۔

"مجھے ۔۔۔ مجھے اسکے چہرے پر بیماری یا پریشانی کی کوئی
علامت دکھائی نہ دی۔ بھرا بھرا چہرہ، رنگ گلابی نہ بیماروں کی طرح
زرد، ہونٹ سوکھے ہوئے۔ مگر تراش خوبصورت اور وہ بڑی بڑی
آنکھوں میں پُراسرار خاموشی ۔۔۔ یہ خاموشی حسین تھی۔ مگر مجھے
بدصورت اور بھیانک سی محسوس ہوئی۔ اس خاموشی نے میرے جذبات
میری ہمدردی کے احساس کو جیسے بے قرار کیا۔ میں بڑی اپنائیت سے
کہہ اٹھا۔

"رخسانہ تم نے کیوں اپنی زندگی تباہ کی۔ تم کس کا انتظار ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

تجھے معلوم نہیں لوگ کیا کہتے ہیں۔"

"مجھے کسی کی پرواہ نہیں"۔ رخسانہ کا لہجہ ترش ہوگیا۔ "تباہی میرا مقدر تھا۔ میرا مقدر ——"

"مگر کیوں ——؟" میں نے بات کاٹ دی اور سخت لہجے میں کہا۔ "تم ایسا کیوں سوچتی ہو۔ تم اس ذلیل شخص کا نام اتہ پتہ کیوں نہیں بتاتی۔ جس نے تمہارا جیون برباد کیا۔ تمہارا مستقبل داغدار بنایا —— تباہ۔ تباہ —— وہ ذلیل شخص کون ہے ——؟"

رخسانہ کی آنکھوں میں نفرت کے شعلے بھر گئے۔

ٹھنڈی سانس لیکر مجھے گھورنے لگی۔ پھر بے ساختہ بول اٹھی ——

"سننا چاہتے ہو —— سنو —— وہ شخص، وہ کمینہ —— وہ ذلیل انسان تم ہو —— تم —— تم نے مجھے برباد کیا۔ تم میرے بچے کے باپ ہو ——"

"کیا ——؟" میرے پیروں تلے زمین نکل گئی۔ ایک لمحہ کے لئے میں سکتے میں آ گیا۔ خوف اور دہشت سے میرا جسم کانپنے لگا تھا۔

"بدمعاش —— مکار عورت پاگل ہوگئی ہے۔ دیکھو تو کیا کہتی ہے۔ مجھ پر جھوٹی تہمت لگاتی ہے۔ اگر کسی نے سن لیا —— نہیں نہیں یہ جھوٹ ہے۔ مجھ پر جھوٹا الزام ہے —— میں گھبرا کر الٹے پاؤں لوٹنے ہی والا تھا کہ رخسانہ کی آواز میرے کانوں سے ٹکرائی "ٹھہرو"

میرے قدم خود بخود رک گئے۔ مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے میں ایک قدم بھی

CC-0. Mumukshu Bhawan Varanasi Collection. Digitized by eGangotri

آگے نہیں بڑھا سکتا ۔ آگے بڑھا تو دھرتی نہ رہے گی ۔ آسمان نہ رہے گا ۔ میں نہ رہوں گا ۔ میرا وجود نہ رہے گا ۔ کچھ بھی نہ رہے گا ۔ سب کچھ ملیامیٹ ہو گا ۔ جانے یہ کیسی بے بسی تھی ۔ میں سمجھ نہ سکا ۔ اچانک اس کی ہنسی میرے کانوں میں گونجی ۔۔۔ طنز آمیز ہنسی ۔۔۔

"تم ڈر گئے ۔ میں جانتی ہوں تم سب مرد بزدل اور احمق ہو ۔ پھر آتے ہی کیوں یہاں ۔ ہمدردی جتانے ۔ میں نے تم جیسے بہت سے ہمدرد دیکھے ہیں ۔ مگر تمہیں ۔۔۔ تمہیں کیا ہمدردی ہے مجھ سے ۔ بولو ۔؟"

میں کچھ نہ بولا ۔

وہ میری آنکھوں میں دیکھتے ہوئے چلا اٹھی ۔۔۔ "چپ کیوں ہو گئے ۔ کہو ۔۔۔ کیا ہمدردی ہے تجھے ۔۔۔ ؟"

میں پھر بھی خاموش رہا ۔ اس کے سوال کا میرے پاس کوئی جواب نہ تھا میں احمقوں کی طرح اس کا چہرہ تکنے لگا ۔ وہ کسی گہری سوچ میں ڈوبنے لگی تھی ۔ پھر اچانک اس کے ہونٹ تھرتھرائے ۔۔۔ اس نے گھمبیر آواز میں اچانک پوچھا ۔۔۔ "کیا محبت کرنا کوئی پاپ ہے ۔"

"نہ ۔ نہیں ۔۔۔" میں نے بڑبڑا کر جواب دیا ۔ وہ مسکرا دی ۔ عجیب سی مسکراہٹ تھی ۔ عجیب سا طنز بھرا قہقہہ تھا ۔ عجیب سا زہر بھرا لہجہ تھا ۔ زندگی میں پہلی بار مجھے اپنی بیچارگی کا احساس ہو رہا تھا اس احساس نے مجھے جھنجھلاہٹ میں مبتلا کر دیا ۔ میں چیخ کر کچھ کہنے ہی والا تھا کہ وہ اٹھی ۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

"پھر بتا دیا قصور کیا ہے۔ میں نے بھی تو محبت ہی کی تھی۔ تم جیسے بھولے بھالے شریف صورت ماسٹر جی سے۔ وہ سامنے والے سکول میں پڑھانے آتے تھے۔ مجھے اپنی جان سے زیادہ چاہتے تھے۔ ایک شام باتوں باتوں میں اس نے کہا ـــ کل تیار رہنا۔ میں تجھے اپنے گھر لے جاؤں گا۔ میری ماں اور بہنیں تمہیں دیکھنا چاہتی ہیں۔

اگلے دن میں سج دھج کر گھر سے نکلی۔ ماسٹر جی نے مجھے ایک بوسیدہ مکان میں پہنچا دیا۔ مگر اس مکان میں نہ تو ماسٹر جی کی بہنیں ہی تھیں اور نہ اسکی ماں مجھے دکھائی دی۔ مجھے نامعلوم سا خوف محسوس ہونے لگا۔ میں نے گھبرا کر باہر نکلنے کی کوشش کی مگر ماسٹر جی نے میری تمام کوششوں کو ناکام بنا دیا۔ مضبوطی سے اپنے بازوؤں میں جکڑ کر میرا منہ بند کر لیا اور اس طرح میں اسکی ہوس کا شکار ہوتے ہوتے بے ہوش ہو گئی۔ کافی وقت گذرنے کے بعد جب میں ہوش میں آئی ـــ تو اس کمرے میں صرف ہم دو تھے۔"

"اور ـــ" میں اسکی آنکھوں میں دیکھتا ہوا چیخا ـــ "اور کون تھا اس کمرے میں ـــ؟"

وہ اپنے آنسو پونچھ کر آہستہ سے بولی۔ "ماسٹر جی کے دوست۔ ایک نہیں دو نہیں ـــ برابر پانچ دوست ـــ وہ سب اس گناہ میں شریک تھے۔ اب تم ہی کہو میرا لال کس کا بیٹا ہے۔ مجھے لگتا ہے دنیا کے تمام مرد اسکے باپ ہیں ـــ کبھی ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی میرے بچے کا باپ ہی نہیں ـــ!"

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کتھ وُزِ ونک

سیّد یعقوب دِلکش

پوشہ چھس پیٹھ پھولہ لٹس تیار، کیٹھہ پھولہ ہیتو — وادہ گرایو
ستیتو ژھالہ ماران
کیتژہ کار ہیوکن کہ ژ۔ آفتابہ کین ژژن پیاران —
کیتژن حیاتہ شرمہ ستیتو کار ہیچ گاہ ژ — اُڈی وہ ژلو، اڈی نیدِ،
تہ کیٹھہ سفید — وہ ژلین وہ ژجارس پیٹھ ناز، سفیدن تہ زردن پہ لٹس
